# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 05جنوری2018ء

**چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضااور سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد نے سیکرٹریٹ میں جاری افسران کی حلقہ بندیوں کے ٹریننگ کا معائنہ کیا ۔**

چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا کو حلقہ بندیوں کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی پریزنٹیشن پیش کی گئی ۔ اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے کندھوں پر ایک قومی فریضہ ہے اور مجھے انتہائی خوشی ہے کہ الیکشن کمیشن کے افسران دل فشانی سے کام کر رہے ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے جاری پیشہ وارانہ ٹریننگ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے تاکید کی کہ افسران اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تمام نقائص سے پاک اور ملکی قوانین کے عین مطابق حلقہ بندیاں کرائیں ۔ چیف الیکشن کمشنر نے تربیت حاصل کرنے والے تمام افسران میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆